Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Preparation

Q1. ماڈل کی تعریف کریں.

Ans 1: کسی بھی شخص یا چیز کے لیے نمونہ ہونا ماڈل کہلاتا ہے.

Q2. کرداریت مکتب فکر کا بانی کون تھا؟

Ans 1: کرداریت مکتب فکر کا بانی جان بی واٹس ہے.

Q3. عاملانہ مشروطیت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: یہ آموزش کا ایک ایسا طریقہ ہے جو کردار کی رفتار کا اسے نتائج کی بنا پر تبدیل کرتا ہے جو ردعمل کی بنیاد پر ہوں.

Q4. قبل رجعی مزاحمت کیسے پیدا ہوتی ہے؟

Ans 1: قبل رجعی مزاحمت اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب سابقہ آموزش نئی آموزش میں رکاوٹ ڈالے.جب پرانا ٹیلیفون نمبر نئے ٹیلی فون نمبر یاد کرنے میں باعث بنے تو اسے قبل رجعی مزاحمت کہتے ہیں.

Q5. قانون مشق کی وضاحت کریں.

Ans 1: قانون مشق اس اصول کی حمایت کرتا ہے کہ مشق یا تکرار مہیج اور ردعمل کے مابین تعلق پیدا کرتا ہے اور آموزش کی افزائش کا سبب بنتا ہے مشق کی مقدار جتنی زیادہ ہوگی مہیج اور ردعمل کے درمیان تعلق اتنا ہی گہرا ہوگا.

Q6. مثبت صلہ کی تعریف کریں،.

Ans 1: یہ وہ صلہ یا مہیج ہے جو بعد میں آنے والے ردعمل کو پختہ کرتا ہے اور ان کی رفتار میں اضافہ کا باعث بنتا ہے،مثال کے طور پر تعریف،انعام،معاشرتی قبولیت،بھوکے کے لیے خوراک اور پیاسے کے لیے پانی وغیرہ مثبت صلے ہیں.

Q7. فوری بحالی کسے کہتے ہیں؟

Ans 1: فوری بحالی مشروطیت میں ایک ایسا مظہر ہے جس میں مشروطیت کے خاتمے کے کچھ دیر بعد خوراک کے بغیر صرف گھنٹی کی آواز کو پیش کرنے پر مشروط ردعمل واقع ہوتا ہے.

Q8. قانون کی آمادگی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: قانون کی آمادگی کے مطابق جب کوئی فرد سیکھنے کے لیے آمادہ ہو تو اس کے لیے سیکھنا آسان ہوگا اور اس کی کارگردگی بہتر ہوگی،اس کے برعکس وہ آمادہ نہ ہوگا تو اس کے لیے سیکھنا مشکل ہوگ اور اس کی کارگردگی بھی واجبی ہوگی.

Q9. مشاہداتی آموزش کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: مشاہداتی آموزش سے مراد کسی کام کر کرتے دیکھ کر سیکھنا ہے.

Q10. مشروط مہیج کیا ہوتا ہے؟

Ans 1: ایسا غیر فطری مہیج جس سے مشروط ردعمل پیدا ہو مشروچ مہیج کہلاتا ہے.